ٹاؤن میونسپل کارپوریشن۔نیو کراچی

شعبہ اطلاعات وتعلقات عامہ

Email:aqeelakhtartmc@gmail.com

پریس ریلیز

نیو کراچی ٹاؤن میں سڑکوں کی مرمت واستر کاری کا کام شب وروز جاری۔

برسوں سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار یوپی موڑ تا ڈسکو موڑ سڑک کی مرمت واستر کاری کا کام جاری۔

چیئر مین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف کا وائس چیئر مین شعیب بن ظہیر کے ہمراہ سڑک کی تعمیر کے کام کا معائنہ۔

سڑکوں کی تعمیر میں بہترین میٹریل استعمال کیا جائے تاکہ مظبوط اور پائیدار سڑکیں تعمیر کی جاسکیں :افسران کو ہدایت

جماعت اسلامی کے منتخب بلدیاتی نمائندے عوامی مسائل کو حل کرنے کے لئے میدان عمل میں موجود ہیں۔چیئر مین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف

مورخہ: 08/ نومبر 2024ء

کراچی ( ) کراچی ( ) نیو کراچی ٹاؤن میں سڑکوں کی مرمت وتعمیر کا کام شب وروز جاری ہے۔برسوں سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار یوپی موڑ تا ڈسکو موڑ سڑک پر استر کاری کا کام مکمل۔چیئر مین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف کا وائس چیئر مین شعیب بن ظہیر کے ہمراہ سڑک کی تعمیر کے کام کا معائنہ۔اس موقع پر یونین کمیٹی نمبر 12 کے چیئر مین عظیم انور، یوسی وائس چیئر مین، اراکین یونین کمیٹی، ڈائریکٹر بی اینڈ آر اشتیاق حُسین، انچارج محکمہ بی اینڈ آر فیصل صغیر و دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔چیئر مین محمد یوسف نے سڑک کی تعمیر کا معائنہ کرتے ہوئے افسران کو ہدایت دی کہ سڑکوں کی تعمیر میں بہترین میٹریل استعمال کیا جائے تاکہ مظبوط اور پائیدار سڑکیں تعمیر کی جاسکیں۔چیئر مین محمد یوسف نے عوام سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی کے منتخب بلدیاتی نمائندے عوامی مسائل کو مرحلہ وار حل کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ سڑک عرصہ دراز سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار تھی اور جگہ جگہ سے سڑک کی درمیان گرین بیلٹ ٹوٹ گئی تھی اور حادثات کا سبب بن رہی تھی اور سڑک پر سفر کرنا مشکل ہوگیا تھا، الحمد اللہ ہم نے پہلے مرحلے میں گرین بیلٹ کے غیر قانونی کٹ پر کرب اسٹون لگا کر بند کیا اور آج سڑک کی تعمیر کا کام جاری ہے، اس موقع پر موجود عوام نے چیئر مین محمد یوسف کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ہمیں فخر ہے کہ ہم نے جماعت اسلامی کے نمائندوں کو منتخب کیا، جو عوام کے مسائل کو حل کرنے کے لئے ہمارے درمیان موجود ہیں اور ہمارے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کر رہے ہیں۔اس موقع پر چیئر مین محمد یوسف نے کہا کہ آپ لوگوں نے ہمیں ووٹ دے کر منتخب کیا ہے اور نیو کراچی میں موجود بلدیاتی مسائل کو حل کرنا ہماری ذمہ داری ہے ہم کسی بھی حال میں اہلیان نیو کراچی ٹاؤن کو تنہا نہیں چھوڑیں گے محدود وسائل میں بھی جماعت اسلامی کے نمائندے عوام کے درمیان موجود ہیں، ہم وسائل کی کمی کا رونا نہیں رو رہے بلکہ خدمت کے جذبے کے ساتھ کام کر رہے ہیں منتخب بلدیاتی نمائندے اور نیو کراچی ٹاؤن کے افسران و ملازمین اہلیان نیو کراچی ٹاؤن کو بہتر معاشرتی اور خوشگوار ماحول کی فراہمی کے لئے میدان عمل میں موجود ہیں۔

جاری کردہ :۔

عقیل اختر

پبلک ریلیشن آفیسر

نیو کراچی ٹاؤن